پالیسی اختصاریہ

(Policy Briefs)

پالیسی اختصاریہ کیا ہے؟

سٹریم کا پالیسی اختصاریہ مقامی مشق یا تحقیق سےسیکھےگئے مفید اسباق کو مل بانٹنے کی ایک کوشش ہے۔ یہ مختصراوراہم پالیسی مسائل ہوتے ہیں۔

یہ اس طرح سے تیار کیے جاتے ہیں کہ آسانی سے پڑھے جا سکیں، اہم مسائل کو اجاگر کرسکیں۔ اور اس موضوع سے متعلق معلومات کےمزید ماخذ کی نشاندہی کرسکیں ۔ یہ لوگوں، اداروں اور پالیسی سازوں کواس قابل بناتے ہیں کہ وہ نئے طریقہ کار اور آلات کو استعمال کر سکیں، تاکہ وہ آبی وسائل کےنظم و ضبط کے عمل کو اس طرح انجام دیں جو غریب لوگوں کے روزگار میں مدد دے سکے۔

یہ کس کے لیے ہیں؟

۔ پالیسی اختصاریہ کو مندرجہ ذیل استعمال کر سکتے ہیں۔
۔ پالیسی بنانے والے۔
۔ پالیسی پر عمل در آمد کرنے والے
۔ مقامی آبادی کو منظم کرنے والے
۔ غیر حکومتی تنظیمیں
۔ حکومتی تنظیمیں
۔ امدادی ادارے
۔ اور دوسرے جو انہیں مفید سمجھیں

انہیں کون لکھتا اور تیار کرتا ہے؟

پالیسی اختصاریہ کو وہ تمام لوگ تیار کر سکتے ہیںجن کے پاس تجربات سے آخزکوئی اهم سبق هوں اور وہ اسے بانٹنا چاهیں جن میں کسان، ماہی گیر، عام لوگ جو ان کے ساتھ کام کرتے ہیں اور ماہرین وغیرہ۔

سٹریم اس عمل میں معاونت کر رہا ہے۔ دوسروں کے ساتھ مل کرنمونے تیار کر رہا ہے۔ اور ان کے مطالب کا دوسری کئی زبانوں میں ترجمہ کر رہا ہے۔ اور انہیں تقسیم کر رہا ہے۔

پالیسی اختصاریہ کے اس سلسلہ کو علاقائی آبی وسائل کے نظم و ضبط میں مدد کی تنظیم ' سٹریم' نے تیار کیا ہے۔ جو کہ ایشاء پیسفیک کے ماهی بانی کے مراکز کے رابطے کا ادارہ 'ناکا' کا ایک حصہ ہے۔

میں انہیں کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

پالیسی اختصاریہ کئی زبانوں میں ایشاء پیسفک کے علاقے میں سٹریم کے رابطہ مراکز سے یا بنکاک میں سٹریم کے علاقائی دفتر سے یا انٹرنیٹ کے مندرجہ ذیل پتہ سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

< http://www.streaminitiative.org/Library/PolicyBrief/index.html >

کون کون سے پالیسی اختصاریے دستیاب ہیں؟

پالیسی اختصاریہ نمبر ایک رائے عامہ کی تعمیر،اس میں کسانوں، ماهی گیروں، مقامی، ضلعی، صوبائی اور ملکی سطح پرحکومتی اور غیر حکومتی حصہ داران کے تجربات کو بیان کیا گیا ہے اور اس میں برطانوی حکومت کے پروگرام برائے قدرتی وسائل کے نظام نمبرR8100" غریب لوگوں کو ماہی بانی کی بہتر خدمات کی فراہمی کی پالیسی کی تحقیق" سے مدد شامل تھی۔ یہ پروگرام مارچ 2002 سے اپریل 2003 تک چلا۔اس پروگرام کا مقصد دیہی خدمات کی بہتر فراہمی پر زورتھا، جس کی بنیاد دیہی علاقوں میں روزگار کی فراہمی، اور ماہی بانی کے طریقہ کار کی شناخت اور ازمائش تھی۔

پالیسی اختصاریہ نمبر 2۔ماہی گیری اور ماہی بانی میں روزگاری نقطہ نظر کااستعمال، اس میں ایف اے او کےفنی تعاون کا منصوبہ " ایشاء پیسفیک میں آبی وسائل کے بہتر نظم و ضبط کے زریعےغربت کے خاتمے میں مدد"کا تعاون شامل تھا۔ اس کا مقصد روزگاری نقطہ نظر و تجزیہ کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا ہے۔